نیوز ریلیز

شعبہ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

امریکی سفیر کا صوبہ سرحد اور فاٹا میں سلامتی اور ترقی میں مدد دینے کے امریکی عزم کا اعادہ

پشاور (7 مارچ 2007ء) ___ پاکستان میں متعین امریکی سفیر رائن سی کروکر نے نے آج پشاور میں اپنے الوداعی دورہ کے دوران صوبہ سرحد اور وفاق کے زیر اہتمام قبائلی علاقوں (فاٹا) میں سلامتی اور ترقی کیلئے امریکہ کی دیرپا وابستگی پر زور دیا ہے۔

امریکی سفیر رائن سی کروکر نے پشاور میں اپنے دورہ کے دوران گورنر سرحد محمد علی جان اورکزئی، وزیر اعلیٰ سرحد محمد اکرم خان درانی، 11 ویں کور کے کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل حامد خان اور فرنٹیئر کور کے کمانڈنٹ میجر جنرل محمد عالم خٹک سے ملاقاتیں کیں۔

امریکی سفیر نے کہا کہ امریکہ کے پاکستان کے ساتھ کثیر الجہت اور پائیدار تعلقات ہیں۔ ہم نے دہشت گردی کے خلاف مشترکہ جنگ میں پاکستان کے لوگوں کی مدد کرنے اور اُن کو تعلیم، صحت کی سہولتوں اور روزگار کی فراہمی تک بہتر رسائی کا زبردست عزم کر رکھا ہے۔

امریکی سفیر نے آج پشاور یونیورسٹی میں واقع لنکن کارنر کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے پشاور کے علاقہ میں یونیورسٹی کے طالبعلموں سے ملاقات کی جو امریکی قونصل خانہ کے تعاون سے ہونے والے مذاکرہ میں شرکت کر رہے ہیں۔

سفیر رائن سی کروکر نے منگل کی شب امریکی قونصل خانہ کی پرنسپل آفیسر مس لین ٹریسی کی رہائش گاہ پر ایک الوداعی تقریب میں بھی شرکت کی اور صوبہ سرحد کی سیاسی، علمی، کاروباری اور میڈیا کی شخصیات سے ملاقات کی۔

مزید معلومات کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3